مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ	جہاں سے وہ گمان نہیں کرتا
وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ	اور جو اللہ پر بھروسا کرے
فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ	تو وہ کافی ہے اُسے
اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ	بے شک اللہ پورا کرنے والا ہے اپنے کام کو
قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ	یقیناً اللہ نے مقرر کر رکھا ہے
لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ﴿3﴾	ہر چیز کے لیے ایک اندازہ۔ ﴿3﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُوْعَظُ	: وعظ، واعظ، وعظ و نصیحت۔	حَيْثُ	: حیثیت، من حیث القوم۔
يُؤْمِنُ	: امن، ایمان، مومن۔	لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
وَالْيَوْمِ	: یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔	يَّتَوَكَّلْ	: توکل، متوکل علی اللہ۔
الْاٰخِرِ	: آخرت، یوم آخرت، آخری۔	عَلَى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يَّتَّقِ	: تقویٰ، متقی۔	بَالِغُ	: بالغ، بلوغ، بلوغت، ابلاغ، تبلیغ۔
مَخْرَجًا	: خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	اَمْرِهٖ	: امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
يَرْزُقْهُ	: رزق، رزّاق، رازق۔	شَيْءٍ	: شے، اشیاء۔
مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	قَدْرًا	: تقدیر، مقدر، مقدار۔

ذٰلِكُمْ ①	يُوْعَظُ ②③	بِهٖ	مَنْ	كَانَ
یہ (حکم ہے)	نصیحت کی جاتی ہے	اس کی	(اُسے) جو	ہو

يُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۬	وَ	مَنْ
وہ ایمان رکھتا	اللہ پر	اور	یوم آخرت (پر)	اور	جو

يَّتَّقِ	اللّٰهَ ④	يَجْعَلْ	لَّهٗ	مَخْرَجًا ۙ﴿2﴾
وہ ڈرتا ہے	اللہ (سے)	وہ بنا دیتا ہے	اُس کے لیے	نکلنے کا کوئی راستہ

وَّ	يَرْزُقْهُ ⑤	مِنْ حَيْثُ	لَا يَحْتَسِبُ ؕ	وَ
اور	وہ رزق دیتا ہے اُسے	جہاں سے	وہ گمان نہیں کرتا	اور

مَنْ	يَّتَوَكَّلْ ⑥	عَلَى اللّٰهِ	فَهُوَ	حَسْبُهٗ ؕ
جو	وہ بھروسا کرتا ہے	اللہ پر	تو وہ	اُسے کافی ہے

اِنَّ	اللّٰهَ	بَالِغُ ⑦	اَمْرِهٖ ؕ	قَدْ
بے شک	اللہ	پورا کرنے والا (ہے)	اپنے کام (کو)	یقیناً

جَعَلَ	اللّٰهُ	لِكُلِّ شَيْءٍ	قَدْرًا ﴿3﴾
مقرر کر رکھا ہے	اللہ نے	ہر چیز کے لیے	ایک اندازہ

ضروری وضاحت

① ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے کبھی یہ بھی کر دیا جاتا ہے اور جمع مذکر کیلئے اشارہ کیا جائے تو یہ ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے۔ ② يه پر پیش اور آخر سے پہلے زبر والے فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ يه کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔ ④ فعل کے بعد زبر والا اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑤ هٗ اگر فعل کے آخر میں آئے تو اس کا ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔ ⑥ اس فعل میں موجود تا اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑦ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنیوالے کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَالّٰٓـِٔیْ یَئِسْنَ مِنَ الْمَحِیْضِ	اور جو مایوس ہوچکی ہوں حیض سے
مِنْ نِّسَآئِکُمْ	تمہاری (مطلقہ) عورتوں میں سے
اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ	اگر تمہیں شک ہو تو ان کی عدت تین ماہ ہے
وَّالّٰٓـِٔیْ لَمْ یَحِضْنَ ؕ	اور (اُن کی بھی) جنہیں (ابھی) حیض نہیں آیا
وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ	اور (جو) حمل والیاں (ہیں) اُن کی عدت (یہ ہے)
اَنْ یَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ	کہ وہ اپنا حمل وضع کردیں (یعنی اپنا بچہ جن لیں)
وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ	اور جو اللہ سے ڈرے گا
یَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ یُسْرًا ﴿4﴾	(تو) وہ کردے گا اُسکے لیے اسکے کام میں آسانی۔ ﴿4﴾
ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ	یہ اللہ کا حکم ہے
اَنْزَلَهٗۤ اِلَیْكُمْ ؕ	اُس نے نازل کیا ہے اُسے تمہاری طرف
وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ	اور جو اللہ سے ڈرے گا
یُكَفِّرْ عَنْهُ سَیِّاٰتِهٖ	(تو) وہ دور کردے گا اُس سے اُس کی بُرائیاں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

یَئِسْنَ : مایوس، یاس و نا اُمیدی۔
مِنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
الْمَحِیْضِ : حیض، حائضہ عورت۔
نِّسَآئِکُمْ : تربیت نسواں، نسوانیت، حقوق نسواں۔
فَعِدَّتُهُنَّ : عدت، ایام عدت۔
ثَلٰثَةُ : مثلث، تثلیث، ثالث، ثالثی۔
الْاَحْمَالِ : حمل، حامل، حاملہ عورت۔
اَجَلُهُنَّ : اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔

یَّضَعْنَ : وضعِ حمل، وضع قطع۔
یَّتَّقِ : تقویٰ، متقی۔
اَمْرِهٖ : امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
یُسْرًا : میسّر۔
اَنْزَلَهٗ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
اِلَیْكُمْ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
یُكَفِّرْ : کفارۂ مجلس کی دعا، گناہوں کا کفارہ۔
سَیِّاٰتِهٖ : علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔

وَ	الّٰٓـِٔیْ ①	یَئِسْنَ ②	مِنَ الْمَحِیْضِ	مِنْ نِّسَآئِکُمْ
اور	جو (عورتیں)	مایوس ہو چکی ہوں	حیض سے	تمہاری (مطلقہ) عورتوں میں سے

اِنِ ③	ارْتَبْتُمْ	فَعِدَّتُهُنَّ ②	ثَلٰثَةُ	اَشْهُرٍ ۙ
اگر	تمہیں شک ہو	تو ان کی عدت	تین	ماہ (ہے)

وَّ	الّٰٓـِٔیْ ①	لَمْ یَحِضْنَ ②④⑤ ؕ	وَ	اُولَاتُ الْاَحْمَالِ
اور	(اُن کی بھی) جنہیں	(ابھی) حیض نہیں آیا	اور	(جو) حمل والیاں (ہیں)

اَجَلُهُنَّ ②	اَنْ ③	یَّضَعْنَ ②	حَمْلَهُنَّ ② ؕ	وَ	مَنْ
اُن کی عدت (یہ ہے)	کہ	وہ وضع کر دیں	اپنا حمل	اور	جو

یَّتَّقِ	اللّٰهَ ⑥	یَجْعَلْ	لَّهٗ	مِنْ اَمْرِهٖ ⑦	یُسْرًا ﴿4﴾
وہ ڈرے گا	اللہ سے	(تو) وہ کر دے گا	اُس کے لیے	اسکے کام میں	آسانی

ذٰلِكَ ⑧	اَمْرُ اللّٰهِ	اَنْزَلَهٗٓ	اِلَیْكُمْ ؕ	وَ	مَنْ
یہ	اللہ کا حکم (ہے)	اُس نے نازل کیا ہے اُسے	تمہاری طرف	اور	جو

یَّتَّقِ	اللّٰهَ ⑥	یُكَفِّرْ	عَنْهُ	سَیِّاٰتِهٖ
وہ ڈرے گا	اللہ سے	(تو) وہ دور کر دے گا	اُس سے	اُس کی برائیاں

ضروری وضاحت

① الّٰٓـِٔیْ جمع مؤنث کی علامت ہے۔ ② فعل کے آخر میں ـْنَ اور هُنَّ جمع مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ③ اِنْ کا ترجمہ اگر اور اَنْ کا ترجمہ کہ ہوتا ہے، اِنْ کو اگلے لفظ سے ملانے کیلئے نِ پر زیر آئی ہے۔ ④ علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں ہوتا ہے۔ ⑤ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑦ یہاں مِنْ کا ترجمہ میں ضرورتاً ہوا ہے۔ ⑧ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے اور یہ علامت بات میں زور ڈالنے کیلئے استعمال ہوتی ہے۔

وَيُعْظِمْ لَهٗٓ اَجْرًا ﴿5﴾	اور وہ زیادہ دے گا اُس کو اجر۔ ﴿5﴾
اَسْكِنُوْهُنَّ	رہائش دو (ایامِ عدت میں) اُن (مطلقہ عورتوں) کو
مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ	جہاں تم (خود) رہتے ہو
مِّنْ وُّجْدِكُمْ	اپنی طاقت کے مطابق
وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ ؕ	اور نہ تکلیف دو انہیں تاکہ تم تنگی کرو اُن پر
وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ	اور اگر وہ عورتیں ہوں حمل والیاں
فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى	تو خرچہ کرو اُن پر یہاں تک کہ
يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَاِنْ	وہ وضع کر دیں اپنا حمل، (یعنی اپنا بچہ) پھر اگر
اَرْضَعْنَ لَكُمْ	وہ (بچے کو) دودھ پلائیں تمہارے لیے (یعنی تمہارے کہنے پر)
فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۚ وَاْتَمِرُوْا	تو دو اُنہیں اُن کی اُجرتیں اور مشورہ کرو
بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ	اپنے درمیان (یعنی آپس میں) اچھے طریقے سے،
وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ	اور اگر تم آپس میں تنگی (یعنی نااتفاقی) کرو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُعْظِمْ : عظمت، اجرِ عظیم، معظم، تعظیم۔	حَمْلٍ : حمل، حامل، حاملہ عورت۔
اَسْكِنُوْهُنَّ : ساکن، سکون، مسکن، سکنہ، سکونت۔	فَاَنْفِقُوْا : نان و نفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	يَضَعْنَ : وضع قطع، وضع کرنا۔
حَيْثُ : حیثیت، من حیث القوم۔	اَرْضَعْنَ : رضاعت، مرضعہ، رضاعی ماں۔
وُّجْدِكُمْ : وجود، موجود، ایجاد۔	اُجُوْرَهُنَّ : اجر و ثواب، اجرِ عظیم، اجرت۔
تُضَآرُّوْهُنَّ : مضرِ صحت، ضرر رساں۔	بَيْنَكُمْ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
لِتُضَيِّقُوْا : ضیق الصدر، ضیق النفس۔	بِمَعْرُوْفٍ : عرف، معروف، امر بالمعروف۔
عَلَيْهِنَّ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	تَعَاسَرْتُمْ : عسر، عسرت۔

وَ	يُعْظِمْ	لَهٗٓ	اَجْرًا ۝5	اَسْكِنُوْهُنَّ ①②
اور	وہ (زیادہ) بڑا دے گا	اس کو	اجر	رہائش دو اُن (عورتوں) کو

مِنْ حَيْثُ ③	سَكَنْتُمْ ④	مِّنْ وُّجْدِكُمْ ④⑤	وَ
جہاں	تم (خود) رہتے ہو	اپنی طاقت کے مطابق	اور

لَا تُضَآرُّوْهُنَّ ①②	لِتُضَيِّقُوْا ⑥	عَلَيْهِنَّ ؕ ②	وَ	اِنْ
نہ تم سب تکلیف دو اُنہیں	تا کہ تم سب تنگی کرو	اُن پر	اور	اگر

كُنَّ	اُولَاتِ حَمْلٍ	فَاَنْفِقُوْا ⑦	عَلَيْهِنَّ ②
وہ (عورتیں) ہوں	حمل والیاں	تو تم سب خرچ کرو	اُن پر

حَتّٰى	يَضَعْنَ ②	حَمْلَهُنَّ ۚ ②	فَاِنْ ⑦	اَرْضَعْنَ ②
یہاں تک کہ	وہ وضع کر دیں	اپنا حمل	پھر اگر	وہ (بچے کو) دودھ پلائیں

لَكُمْ ④	فَاٰتُوْهُنَّ ②	اُجُوْرَهُنَّ ۚ ②	وَاْتَمِرُوْا
تمہارے لیے	تو تم سب دو اُنہیں	اُن کی اُجرتیں	اور تم سب مشورہ کرو

بَيْنَكُمْ ④	بِمَعْرُوْفٍ ۚ	وَ	اِنْ	تَعَاسَرْتُمْ ④⑧
اپنے درمیان	اچھے طریقے سے	اور	اگر	تم آپس میں تنگی کرو

ضروری وضاحت

① علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔ ② هُنَّ اور فعل کے آخر میں ـنَ جمع مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ③ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ④ تُمْ اور كُمْ جمع مذکر کی علامتیں ہیں۔ ⑤ یہاں مِنْ کا ترجمہ کے مطابق ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ⑥ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تا کہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ⑦ لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ کبھی پس کبھی تو کبھی پھر اور کبھی سو ہوتا ہے۔ ⑧ اس فعل میں موجود تَ اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔

فَسَتُرْضِعُ لَهٗۤ اُخْرٰى ۗ﴿6﴾	تو عنقریب دودھ پلائے گی اُسکو کوئی دوسری عورت ﴿6﴾
لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ	چاہیے کہ خرچ کرے وسعت والا
مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ	اپنی وسعت کے مطابق
وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ	اور (وہ) جس پر تنگ کردیا گیا ہو اُس کا رزق
فَلْيُنْفِقْ	تو چاہیے کہ وہ خرچ کرے
مِمَّاۤ اٰتٰىهُ اللّٰهُ ؕ	(اُس) میں سے جو اللہ نے دیا ہے اُسے
لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا	اللہ تکلیف نہیں دیتا کسی نفس کو
اِلَّا مَاۤ اٰتٰىهَا ؕ	مگر (اُسی کی) جو اُس نے دیا ہے اُسے
سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ﴿7﴾ ع 7 17	عنقریب ضرور کردے گا اللہ تنگی کے بعد آسانی۔ ﴿7﴾
وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ	اور کتنی ہی بستیوں (کے رہنے والوں) نے سرکشی کی
عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ	اپنے رب اور اس کے رسولوں کے حکم سے
فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا شَدِيْدًا ۙ	تو ہم نے محاسبہ کیا اُن کا بہت سخت محاسبہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَسَتُرْضِعُ : رضاعت، مرضعہ، رضاعی ماں۔
اُخْرٰى : اُخروی زندگی، آخرت، یوم آخرت۔
لِيُنْفِقْ : نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔
ذُوْ : ذوالجلال، ذومعنی، ذومال۔
سَعَةٍ : وسعت، توسیع، وسیع وعریض۔
مِّنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
مِمَّاۤ : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
يُكَلِّفُ : مکلف، تکلیف۔

نَفْسًا : نفس، نفسا نفسی، نفوسِ قدسیہ۔
اِلَّا : اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔
عُسْرٍ : عسر، عسرت۔
يُّسْرًا : میسّر۔
قَرْيَةٍ : قریہ قریہ بستی بستی، اُمّ القریٰ۔
اَمْرِ : امر آمر، مامور، امارت اسلامی۔
فَحَاسَبْنٰهَا : حساب وکتاب، محتسب، احتساب۔
شَدِيْدًا : شدید، اشد، متشدد، تشدد۔

فَسَتُرْضِعُ ①	لَهٗٓ	اُخْرٰى ①ؕ (6)	لِيُنْفِقْ ②
توعنقریب دودھ پلائے گی	اُس کو	دوسری عورت	چاہیے کہ وہ خرچ کرے

ذُوْ سَعَةٍ ①	مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ	وَ	مَنْ	قُدِرَ ③	عَلَيْهِ
وسعت والا	اپنی وسعت سے	اور	(وہ) جو	تنگ کردیا گیا (ہو)	اُس پر

رِزْقُهٗ	فَلْيُنْفِقْ ②	مِمَّآ ④	اٰتٰىهُ اللّٰهُ ؕ ⑤
اُس کا رزق	تو چاہیے کہ وہ خرچ کرے	(اُس میں) سے جو	اللہ نے دیا ہے اُسے

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ ⑥⑤	نَفْسًا	اِلَّا	مَآ	اٰتٰىهَا ؕ
اللہ تکلیف نہیں دیتا	کسی نفس کو	مگر	(اُسی کی) جو	اُس نے دیا ہے اُسے

سَيَجْعَلُ ⑥	اللّٰهُ ⑤	بَعْدَ عُسْرٍ	يُّسْرًا ع (7)	وَ
عنقریب ضرور کردے گا	اللہ	تنگی کے بعد	آسانی	اور

ع 1 7 17

كَاَيِّنْ ⑦	مِّنْ قَرْيَةٍ ①	عَتَتْ ①	عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا
کتنی ہی	بستیوں میں سے (ایسی ہیں کہ)	سرکشی کی	اپنے رب کے حکم سے

وَ	رُسُلِهٖ	فَحَاسَبْنٰهَا	حِسَابًا	شَدِيْدًا ۙ
اور	اس کے رسولوں	تو ہم نے محاسبہ کیا اُن کا	محاسبہ	بہت سخت

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں تَ اور آخر میں تْ اور اسم کے آخر میں ة اور ـٰى مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تا کہ اور کبھی چاہیے کہ ہوتا ہے، اور جب لِ سے پہلے وَ یا فَ آجائے تو لْ ہو جاتا ہے۔ ③ فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ⑤ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ ⑥ یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑦ كَاَيِّنْ کا ترجمہ کبھی کتنی ہی اور کبھی بہت سی ہوتا ہے۔

وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ﴿8﴾	اور ہم نے سزا دی اُنہیں اَن دیکھی سزا (یعنی بہت سخت) ﴿8﴾
فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا	سو اُنہوں نے مزا چکھ لیا اپنے کام کی سزا کا
وَكَانَ عَاقِبَةُ اَمْرِهَا خُسْرًا ﴿9﴾	اور اُن کے کام کا انجام خسارہ تھا۔ ﴿9﴾
اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ	اللہ نے تیار کر رکھا ہے اُن کے لیے سخت عذاب
فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ ۛ	پس اللہ سے ڈرو اے عقل والو
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۛ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ	جو ایمان لائے ہو! یقیناً اللہ نے نازل کی ہے (مع 14)
اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ﴿10﴾	تمہاری طرف ایک نصیحت۔ ﴿10﴾
رَّسُوْلًا	(اور تمہیں سمجھانے کے لیے) ایک رسول
يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ	(جو) تم پر تلاوت کرتا ہے اللہ کی واضح آیات
لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	تاکہ وہ نکالے (اُن لوگوں کو) جو ایمان لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	اور انہوں نے نیک اعمال کیے
مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ	اندھیروں سے روشنی کی طرف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

- عَذَّبْنٰهَا : عذاب، عذابِ الٰہی، عذابِ جہنم۔
- فَذَاقَتْ : ذوق، ذائقہ، بدذائقہ۔
- وَبَالَ : گناہوں کا وبال، وبالِ جان۔
- اَمْرِهَا : امر آمر، مامور، امارت اسلامی۔
- عَاقِبَةُ : عاقبت، تعاقب، عاقبت نااندیش۔
- خُسْرًا : خسارہ، خائب وخاسر۔
- اَعَدَّ : مُستعد، استعداد۔
- فَاتَّقُوا : تقویٰ، متقی۔
- يٰٓاُولِي : اولوالعزم، اولوالعلم۔
- اَنْزَلَ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
- ذِكْرًا : ذکر، اذکار، تذکیر۔
- يَّتْلُوْا : تلاوت قرآن، وحی متلو۔
- مُبَيِّنٰتٍ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
- لِّيُخْرِجَ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
- عَمِلُوا : عمل، اعمال صالحہ، معمول۔
- الظُّلُمٰتِ : بحر ظلمات، ظلمت کی گھڑیاں۔

وَ	عَذَّبْنٰهَا ①②	عَذَابًا	نُّكْرًا ⑧	فَذَاقَتْ ③	وَبَالَ اَمْرِهَا
اور	ہم نے سزا دی اُنہیں	سزا	ان دیکھی	سو اُنہوں نے مزا چکھ لیا	اپنے کام کی سزا کا

وَ	كَانَ ④	عَاقِبَةُ اَمْرِهَا ②③	خُسْرًا ⑨	اَعَدَّ اللّٰهُ ⑤
اور	تھا	اُن کے کام کا انجام	خسارہ	اللہ نے تیار کر رکھا ہے

لَهُمْ ⑥	عَذَابًا شَدِيْدًا	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ ⑤	يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ
اُن کے لیے	سخت عذاب	پس تم سب ڈرو	اللہ سے	اے عقل والو

ع 14

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	قَدْ	اَنْزَلَ اللّٰهُ ⑤	اِلَيْكُمْ
جو	سب ایمان لائے ہو!	یقیناً	اللہ نے نازل کی ہے	تمہاری طرف

ذِكْرًا ⑩ ⑦	رَّسُوْلًا ⑦	يَّتْلُوْا	عَلَيْكُمْ	اٰيٰتِ اللّٰهِ
ایک نصیحت	ایک رسول	وہ تلاوت کرتا ہے	تم پر	اللہ کی آیات

مُبَيِّنٰتٍ ③	لِّيُخْرِجَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
واضح	تاکہ وہ نکالے	(اُن لوگوں کو) جو	سب ایمان لائے

وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ③	مِنَ الظُّلُمٰتِ ③	اِلَى النُّوْرِ
اور	انہوں نے اعمال کیے	نیک	اندھیروں سے	روشنی کی طرف

ضروری وضاحت

① فعل کے آخر میں نَا سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔② هَا واحد مؤنث کی علامت ہے، کبھی جمع کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے۔③ تْ اور اسم کے آخر میں ة، ات مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔⑤ فعل کے بعد پیش والا اسم اس فعل کا فاعل اور زبر والا اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑥ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔⑦ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔

وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ	اور جو ایمان لائے گا اللہ پر
وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّدْخِلْهُ	اور وہ نیک عمل کرے گا (تو) وہ داخل کرے گا اُسے
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ	(ایسے) باغات میں (کہ) بہتی ہونگی انکے نیچے سے نہریں
خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ	ہمیشہ رہنے والے ہیں اُن میں ہمیشہ ہمیشہ
قَدْ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ﴿11﴾	یقیناً اللہ نے اُسکے لیے اچھا رزق بنا دیا ہے۔ ﴿11﴾
اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ	اللہ ہی ہے جس نے پیدا کیے سات آسمان
وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ ؕ	اور زمین سے بھی اُن (آسمانوں) کی مثل
يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَيْنَهُنَّ	(اللہ کا) حکم اُترتا رہتا ہے اُن کے درمیان
لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ	تاکہ تم جان لو کہ بے شک اللہ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۙ	ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے
وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ	اور یہ کہ بے شک اللہ نے یقیناً گھیر رکھا ہے
بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿12﴾ ع 2/5/18	ہر چیز کو (اپنے) علم سے۔ ﴿12﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُّؤْمِنْ	: امن وسلامتی، امن عامہ، ایمان۔	خَلَقَ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
يُّدْخِلْهُ	: دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔	سَبْعَ	: قرأت سبعہ وعشرہ، اُسبوعی اجلاس۔
تَجْرِيْ	: جاری، اجرا۔	سَمٰوٰتٍ	: ارض وسما، کتب سماویہ، آفات سماویہ۔
تَحْتِهَا	: ماتحت، تحت الثریٰ، تحت العرش۔	يَتَنَزَّلُ	: نازل، نزول، تنزلی، منزل من اللہ۔
الْاَنْهٰرُ	: نہر، انہار، نہریں، محکمہ انہار۔	الْاَمْرُ	: امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
خٰلِدِيْنَ	: خالد، خلد بریں۔	بَيْنَهُنَّ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
اَبَدًا	: ابد الآباد، ابدی نیند سلا دیا۔	قَدِيْرٌ	: قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔
اَحْسَنَ	: احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔	اَحَاطَ	: احاطہ، محیط۔

وَمَنْ	يُّؤْمِنْۢ	بِاللّٰهِ ①	وَيَعْمَلْ	صَالِحًا	يُّدْخِلْهُ ②
اور جو	وہ ایمان لائے گا	اللہ پر	اور وہ عمل کرے گا	نیک	(تو) وہ داخل کرے گا اُسے

جَنّٰتٍ ③	تَجْرِيْ ③	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ
(ایسے) باغات میں	(کہ) بہتی ہونگی	انکے نیچے سے	نہریں	سب ہمیشہ رہنے والے (ہیں)

فِيْهَآ	اَبَدًا ؕ	قَدْ ④	اَحْسَنَ اللّٰهُ ⑤	لَهٗ	رِزْقًا ﴿11﴾
اُن میں	ہمیشہ ہمیشہ	یقیناً	اچھا بنا دیا ہے اللہ نے	اُس کے لیے	رزق

اَللّٰهُ	الَّذِيْ	خَلَقَ	سَبْعَ	سَمٰوٰتٍ ③	وَّ
اللہ (ہی ہے)	جس نے	پیدا کیے	سات	آسمان	اور

مِنَ الْاَرْضِ	مِثْلَهُنَّ ؕ	يَتَنَزَّلُ ⑥⑦	الْاَمْرُ ⑤	بَيْنَهُنَّ
زمین سے (بھی)	اُن کی مثل	اُترتا رہتا ہے	(اللہ کا) حکم	اُن کے درمیان

لِتَعْلَمُوْٓا	اَنَّ اللّٰهَ ④	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ ۙ
تا کہ تم سب جان لو	کہ بے شک اللہ	ہر چیز پر	خوب قدرت رکھنے والا ہے

وَّ	اَنَّ اللّٰهَ ④	قَدْ ④	اَحَاطَ	بِكُلِّ شَيْءٍ ①	عِلْمًا ﴿12﴾
اور	یہ کہ بے شک اللہ نے	یقیناً	گھیر رکھا ہے	ہر چیز کو	(اپنے) علم سے

ع 2 5 18

ضروری وضاحت

① بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ وغیرہ ہوتا ہے۔ ② فعل کے آخر میں ہٗ کا ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔ ③ اسم کے آخر میں ات اور فعل کے شروع میں ت مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ④ قَدْ فعل کے شروع میں اور اِنَّ، اَنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ⑤ فعل کے بعد پیش والا اسم اس فعل کا فاعل اور زبر والا اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑥ یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑦ فعل کے درمیان میں ت اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا یا تدریجاً کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

اٰیَاتُھَا 12 | 66 سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ مَدَنِيَّةٌ 107 | رُکُوْعَاتُھَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ	اے نبی! کیوں آپ حرام کرتے ہیں (اُسے)
مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ	جسے اللہ نے حلال کیا ہے آپ کے لیے
تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ۭ	آپ چاہتے ہیں اپنی بیویوں کی رضامندی؟
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ①	اور اللہ بہت بخشنے والا بڑا مہربان ہے۔ ①
قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ	یقیناً اللہ نے مقرر کردیا ہے تمہارے لیے
تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ	تمہاری قسموں کے توڑنے کا طریقہ (کفارہ مقرر کرکے)
وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ	اور اللہ تمہارا مالک ہے
وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ②	اور وہ سب کچھ جاننے والا بہت حکمت والا ہے۔ ②
وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ	اور جب نبی نے چھپا کر کہی
اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ۚ	اپنی بیویوں میں سے بعض سے ایک بات

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

تُحَرِّمُ	: حرام، محرم، تحریم، حرمت۔	مَوْلٰىكُمْ	: ولی، اولیائے کرام، ولایت، مولیٰ۔
مَآ	: ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔	الْعَلِيْمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علامہ۔
اَحَلَّ	: حلال وحرام، رزق حلال، کسب حلال۔	الْحَكِيْمُ	: حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔
مَرْضَاتَ	: راضی، رضا، مرضی، رضائے الٰہی۔	اَسَرَّ	: اسرار و رموز، پراسرار، سرنہاں۔
اَزْوَاجِكَ	: زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔	النَّبِيُّ	: نبی، نبوت، انبیا۔
غَفُوْرٌ	: مغفرت، استغفار، استغفراللہ۔	اِلٰى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
رَّحِيْمٌ	: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔	بَعْضِ	: بعض الناس، بعض اوقات۔
فَرَضَ	: فرض، فریضہ، فرائض۔	حَدِيْثًا	: حدیث، تحدیث نعمت۔

اٰيَاتُهَا 12 | 66 سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ مَدَنِيَّةٌ 107 | رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا ①	النَّبِيُّ	لِمَ ②	تُحَرِّمُ	مَآ	اَحَلَّ اللّٰهُ
اے	نبی!	کس لیے	آپ حرام کرتے ہیں	جسے	اللہ نے حلال کیا ہے

لَكَ ③ ج	تَبْتَغِيْ	مَرْضَاتَ	اَزْوَاجِكَ ④ ط	وَاللّٰهُ
آپ کے لیے	آپ چاہتے ہیں	رضامندی	اپنی بیویوں کی	اور اللہ

غَفُوْرٌ ⑤	رَّحِيْمٌ ⑤ ۝1	قَدْ	فَرَضَ اللّٰهُ	لَكُمْ ③
بہت بخشنے والا	بڑا مہربان (ہے)	یقیناً	اللہ نے مقرر کر دیا ہے	تمہارے لیے

تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ⑥ ج	وَ	اللّٰهُ	مَوْلٰىكُمْ ⑥ ج	وَ
تمہاری قسموں کا کھولنا (توڑنا)	اور	اللہ	تمہارا مالک (ہے)	اور

هُوَ الْعَلِيْمُ ⑤	الْحَكِيْمُ ⑤ ۝2	وَ	اِذْ	اَسَرَّ
وہی سب کچھ جاننے والا	بہت حکمت والا (ہے)	اور	جب	چھپا کر کہی

النَّبِيُّ	اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ ⑦	حَدِيْثًا ⑧ ج
نبی (نے)	اپنی بیویوں (میں سے) بعض سے	ایک بات

ضروری وضاحت

① یَا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔ ② لِمَ دراصل لِ + مَا کا مجموعہ ہے، آخر سے "ا" تخفیف کیلئے گرا ہوا ہے۔ ③ یہاں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔ ④ اسم کے آخر میں كَ کا ترجمہ تیرا یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ⑤ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ اسم کے آخر میں كُمْ کا ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے یا اپنا کیا جاتا ہے۔
⑦ اِلٰی کا ترجمہ سے ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ⑧ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔

فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ	پس جب اُس (بیوی) نے خبر کر دی (دوسری کو) اس بات کی
وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ	اور اللہ نے اُسے ظاہر کر دیا اُس (نبی) پر
عَرَّفَ بَعْضَهٗ	(تو) اُس نے (بیوی کو) جتلائی اُس میں سے کچھ (بات)
وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا	اور کچھ سے اعراض کیا، پھر جب
نَبَّاَهَا بِهٖ	اُس (نبی) نے خبر دی اس (بیوی) کو اسکی (یعنی راز فاش کرنے کی)
قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ؕ	(تو) اُس (بیوی) نے کہا یہ کس نے خبر دی آپ کو
قَالَ نَبَّاَنِيَ	(نبی) نے کہا خبر دی ہے مجھے
الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ③	سب کچھ جاننے والے خوب خبر دار نے۔ ③
اِنْ تَتُوْبَاۤ اِلَى اللّٰهِ	اگر تم دونوں (اس قصور سے) توبہ کرلو اللہ کی طرف (تو بہتر ہے)
فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ	پس یقیناً ہٹ گئے ہیں تم دونوں کے دل (حق سے)
وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ	اور اگر تم دونوں باہم اعانت کرو گی اس (نبی کی ایذا) پر
فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ	تو بے شک اللہ وہ (خود) اُس کا مددگار ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نَبَّاَتْ، اَنْۢبَاَكَ	: نبی، نبوت، انبیاء۔	هٰذَا	: حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔
وَ	: مال و دولت، عفو و درگزر، لازم و ملزوم۔	الْعَلِيْمُ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علامہ۔
اَظْهَرَهُ	: ظاہر، مظاہرہ، مظہر۔	الْخَبِيْرُ	: خبر، اخبار، مخبر، خبردار، باخبر، خبیر۔
عَلَيْهِ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	تَتُوْبَاۤ	: توبہ، تائب۔
عَرَّفَ	: عرف، تعارف، معرفت۔	اِلَى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
بَعْضَهٗ	: بعض معاملات، بعض اوقات۔	قُلُوْبُكُمَا	: قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
اَعْرَضَ	: اعراض کرنا۔	مَوْلٰىهُ	: ولی، اولیاء کرام، ولایت، مولیٰ۔
قَالَتْ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔		

فَلَمَّا ①	نَبَّاَتْ ②	بِهٖ	وَ	اَظْهَرَهُ اللّٰهُ ③
پس جب	اُس نے خبر کردی	اس کی	اور	اللہ نے ظاہر کردیا اُسے

عَلَيْهِ ③	عَرَّفَ	بَعْضَهٗ	وَ	اَعْرَضَ
اُس پر	(تو) اُس نے جتلایا	اُس کا کچھ حصہ	اور	اعراض کیا

عَنْۢ بَعْضٍۚ	فَلَمَّا ①	نَبَّاَهَا	بِهٖ	قَالَتْ ②
کچھ حصے سے	پھر جب	اُس نے اس کو خبر دی	اُس کی	(تو) اُس نے کہا

مَنْ ④	اَنْۢبَاَكَ	هٰذَاؕ	قَالَ ⑤	نَبَّاَنِيَ ⑥
کس نے	آپ کو خبر دی	یہ	اس کہا	خبر دی ہے مجھے

الْعَلِيْمُ	الْخَبِيْرُ ۝3	اِنْ	تَتُوْبَآ
سب کچھ جاننے والے	خوب خبردار نے	اگر	تم دونوں توبہ کرلو

اِلَى اللّٰهِ	فَقَدْ ①	صَغَتْ ③	قُلُوْبُكُمَاۚ ⑦	وَ اِنْ
اللہ کی طرف (تو بہتر ہے)	پس یقیناً	ہٹ گئے ہیں	تم دونوں کے دل (حق سے)	اور اگر

تَظٰهَرَا ⑦	عَلَيْهِ ③	فَاِنَّ اللّٰهَ ①	هُوَ	مَوْلٰىهُ ③
تم دونوں باہم اعانت کروگی	اس پر	تو بے شک اللہ	وہ (خود)	اُس کا مددگار (ہے)

ضروری وضاحت

① فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر یا سو ہوتا ہے۔ ② تْ مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ ہٗ یا ہٖ کو اگلے لفظ سے ملایا جائے یا اس سے پہلے جزم یا الف ہو تو اسکی کھڑی زیر صرف زیر اور اُلٹا پیش صرف پیش سے بدل جاتی ہے۔ ④ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس ہوتا ہے۔ ⑤ قَالَ دراصل قَوَلَ تھا، گرامر کے اصول کے مطابق وَ کو ا سے بدلا گیا ہے۔ ⑥ فعل کے آخر میں یْ لگائی ہو تو اس یْ اور فعل کے درمیان نِ کا اضافہ کرتے ہیں۔ ⑦ کُمَا اور "ا" دونوں تعداد میں دو ہونے کو ظاہر کرتے ہیں۔

وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ	اور جبریل اور نیک ایمان والے
وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ﴿4﴾	اور اس کے بعد تمام فرشتے مددگار ہیں۔ ﴿4﴾
عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ	اگر وہ طلاق دے تمہیں (تو) اسکا رب قریب ہے
اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ	کہ وہ بدلے میں دے اُسے تم سے بہتر بیویاں
مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ	(جو) مسلمان، ایمان والیاں
قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ	فرمانبرداری کرنے والیاں، توبہ کرنے والیاں
عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ	عبادت کرنے والیاں، روزے رکھنے والیاں
ثَيِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا ﴿5﴾	شوہر دیدہ (بیوائیں) اور کنواریاں ہوں۔ ﴿5﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اے (وہ لوگو) جو ایمان لائے ہو
قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا	بچاؤ اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو آگ سے
وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ	(کہ) اُس کا ایندھن لوگ اور پتھر ہیں
عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ	اس پر سخت دل زور آور فرشتے (مقرر) ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

صَالِحُ	اصلاح، اعمال صالحہ، سلف صالحین۔	عٰبِدٰتٍ	عبد، عابد، معبود، عبادت۔
الْمُؤْمِنِيْنَ	امن وسلامتی، امن عامہ، ایمان۔	اَنْفُسَكُمْ	نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔
الْمَلٰٓئِكَةُ	ملک الموت، ملائکہ۔	اَهْلِيْكُمْ	اہل وعیال، اہل خانہ، اہلِ بیت۔
طَلَّقَكُنَّ	طلاق، مطلقہ عورت، طلاقِ رجعی۔	نَارًا	یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
يُّبْدِلَهٗ	تغیر وتبدل، تبدیلی، متبادل۔	النَّاسُ	عوام الناس، عامۃ الناس۔
اَزْوَاجًا	زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔	الْحِجَارَةُ	حجر اسود، شجر وحجر۔
مُسْلِمٰتٍ	مسلم، مسلمان، مسلمین، اسلام، تسلیم۔	عَلَيْهَا	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
تٰٓئِبٰتٍ	توبہ، تائب۔	شِدَادٌ	شدید، شدت، مشدد، تشدد۔

وَجِبْرِيْلُ	وَ	صَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ	وَالْمَلٰٓئِكَةُ ①	بَعْدَ ذٰلِكَ
اور جبریل	اور	نیک سب ایمان والے	اور تمام فرشتے	اس کے بعد

ظَهِيْرٌ ﴿4﴾	عَسٰى ②	رَبُّهٗٓ	اِنْ ③	طَلَّقَكُنَّ ④	اَنْ ③
مددگار (ہیں)	(تو) قریب ہے	اسکا رب	اگر	وہ طلاق دے تمہیں	کہ

يُّبْدِلَهٗٓ	اَزْوَاجًا ⑤	خَيْرًا	مِّنْكُنَّ ④	مُسْلِمٰتٍ ④
وہ بدلے میں دے اسے	بیویاں	بہتر	تم سے	(جو) مسلمان

مُّؤْمِنٰتٍ ④	قٰنِتٰتٍ ④	تٰٓئِبٰتٍ ④	عٰبِدٰتٍ ④
ایمان والیاں	فرمانبرداری کرنے والیاں	توبہ کرنے والیاں	عبادت کرنے والیاں

سٰٓئِحٰتٍ ④	ثَيِّبٰتٍ ④	وَّاَبْكَارًا ﴿5﴾	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
روزے رکھنے والیاں	شوہر دیدہ	اور کنواریاں (ہوں)	اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو

قُوْٓا	اَنْفُسَكُمْ	وَ	اَهْلِيْكُمْ ⑥	نَارًا	وَّقُوْدُهَا
تم سب بچاؤ	اپنے نفسوں کو	اور	اپنے گھر والوں کو	آگ سے	(کہ) اُس کا ایندھن

النَّاسُ	وَ	الْحِجَارَةُ	عَلَيْهَا	مَلٰٓئِكَةٌ ①	غِلَاظٌ	شِدَادٌ
لوگ	اور	پتھر (ہیں)	اس پر	فرشتے (مقرر ہیں)	سخت دل	زور آور

ضروری وضاحت

①مَلٰٓئِكَةُ میں ة واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ یہاں یہ جمع کے لیے ہے۔②عَسٰى کا ترجمہ کبھی قریب ہے کبھی شاید کہ کیا جاتا ہے۔③اِنْ کا ترجمہ اگر اور اَنْ کا ترجمہ کہ ہوتا ہے۔④ كُنَّ اور ات جمع مؤنث کی علامتیں ہیں۔⑤اَزْوَاجًا زَوْجٌ کی جمع ہے اس کا اصل ترجمہ جوڑا ہے، چونکہ میاں اور بیوی دونوں جوڑے کے ممبر ہوتے ہیں لہٰذا یہ لفظ میاں بیوی دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔⑥ اَهْلِيْ دراصل اَهْلِيْنَ تھا، گرامر کے اصول کے مطابق جمع کا نَ گر گیا ہے۔

لَا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ	وہ اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے
مَآ اَمَرَهُمْ	جس کا وہ اُنہیں حکم دے
وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ﴿6﴾	اور وہ کرتے ہیں جو وہ حکم دیے جاتے ہیں۔﴿6﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اے (وہ لوگو!) جنہوں نے کفر کیا
لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ؕ	آج تم عذر مت پیش کرو
اِنَّمَا تُجْزَوْنَ	بے شک صرف تم بدلہ دیے جاؤ گے (اُس کا)
مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿7﴾ ع 1 7 19	جو تم عمل کیا کرتے تھے۔﴿7﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اے (وہ لوگو!) جو ایمان لائے ہو
تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ	تم توبہ کرو اللہ کی طرف خالص توبہ
عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ	قریب ہے کہ دور کر دے تمہارا رب تم سے
سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ	تمہاری بُرائیاں اور وہ داخل کرے تمہیں
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ	(ایسے) باغات میں (کہ) اُنکے نیچے سے نہریں بہتی ہیں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَعْصُوْنَ : معصیت، عاصی، غم عصیاں۔
اَمَرَهُمْ، يُؤْمَرُوْنَ : امر، آمر، امور، امر بالمعروف۔
يَفْعَلُوْنَ : فعل، فاعل، مفعول، افعال۔
تَعْتَذِرُوا : عذر، معذرت، معذور، اعتذار۔
الْيَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
تُجْزَوْنَ : جزا و سزا، جزاک اللہ خیراً، جزائے خیر۔
تَعْمَلُوْنَ : عمل، اعمال صالحہ، معمولات زندگی۔
اٰمَنُوْا : امن و سلامتی، ایمان، مؤمن۔

تُوْبُوْٓا : توبہ، تائب۔
يُّكَفِّرَ : کفارہ مجلس کی دعا، گناہوں کا کفارہ
سَيِّاٰتِكُمْ : علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔
يُدْخِلَكُمْ : دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔
جَنّٰتٍ : جنت الفردوس، جنات۔
تَجْرِيْ : جاری، اجرا۔
تَحْتِهَا : ماتحت، تحت الثریٰ، تحت العرش۔
الْاَنْهٰرُ : نہر، انہار، نہریں، محکمہ انہار۔

لَا يَعْصُوْنَ (1)	اللّٰهَ (2)	مَآ	اَمَرَهُمْ	وَ	يَفْعَلُوْنَ
وہ سب نافرمانی نہیں کرتے	اللہ کی	جس کا	وہ حکم دے اُنہیں	اور	وہ سب کرتے ہیں

مَا	يُؤْمَرُوْنَ (3) ۝6	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
جو	وہ سب حکم دیے جاتے ہیں	اے	(وہ لوگو) جن	سب نے کفر کیا

لَا تَعْتَذِرُوا (4)	الْيَوْمَ ط	اِنَّمَا (5)	تُجْزَوْنَ (6)(3)
مت تم سب عذر پیش کرو	آج	بے شک صرف	تم سب بدلہ دیے جاؤ گے (اُسی کا)

ع 1/7 19

مَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (7) ۝7 ع	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
جو	تم سب عمل کیا کرتے تھے	اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو

تُوْبُوْٓا	اِلَى اللّٰهِ	تَوْبَةً نَّصُوْحًا ط	عَسٰى
تم سب توبہ کرو	اللہ کی طرف	خالص توبہ	قریب ہے

رَبُّكُمْ	اَنْ	يُّكَفِّرَ	عَنْكُمْ	سَيِّاٰتِكُمْ	وَ
تمہارا رب	کہ	دور کردے	تم سے	تمہاری بُرائیاں	اور

يُدْخِلَكُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ (8)	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ لا
وہ داخل کرے تمہیں	(ایسے) باغات (میں)	(کہ) بہتی ہیں	اُنکے نیچے سے	نہریں

ضروری وضاحت

(1) لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہوتو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ (2) فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہوتو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ (3) یہ یا تہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہوتو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ (4) لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہوتو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ (5) اِنَّ کے ساتھ مَا میں صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔ (6) یہ دراصل تُجْزَيُوْنَ تھا گرامر کے اصول کیمطابق ی گرگئی ہے۔ (7) تُمْ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم ہے۔ (8) تَ واحد مؤنث کی علامت ہے۔

يَوْمَ لَا يُخْزِى اللّٰهُ النَّبِىَّ	جس دن اللہ نہیں رُسوا کرے گا نبی کو
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ	اور (نہ اُن لوگوں کو) جو ایمان لائے اُس کے ساتھ
نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	اُن کا نور دوڑ رہا ہوگا اُن کے آگے
وَبِاَيْمَانِهِمْ	اور اُن کے دائیں طرف
يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ	وہ کہیں گے اے ہمارے رب
اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا	پورا کر دے ہمارے لیے ہمارے نور کو
وَاغْفِرْ لَنَا ۚ	اور ہم کو بخش دے
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿8﴾	بیشک تو ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے۔ ﴿8﴾
يٰٓاَيُّهَا النَّبِىُّ جَاهِدِ	اے نبی آپ جہاد کیجیے
الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ	کافروں اور منافقوں سے
وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۭ	اور اُن پر سختی کیجیے
وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ	اور اُن کا ٹھکانا جہنم ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَوْمَ	: یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔	اَتْمِمْ	: اتمام حجت، تتمہ، تمت بالخیر، تمام۔
اٰمَنُوْا	: امن و سلامتی، ایمان، مؤمن۔	وَاغْفِرْ	: مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
مَعَهٗ	: مع اہل و عیال، معیت، مع دوست احباب۔	شَىْءٍ	: شے، اشیاء، اشیائے خوردونوش۔
نُوْرُهُمْ	: بدرِ منیر، نور، منور، انوار۔	قَدِيْرٌ	: قدرت، قادر، قدیر۔
يَسْعٰى	: سعی کرنا، سعی لاحاصل، مساعی جمیلہ۔	جَاهِدِ	: جہاد، مجاہد، مجاہدین اسلام، جدوجہد۔
بَيْنَ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔	الْكُفَّارَ	: کفر، کافر، کفار، تکفیر۔
اَيْدِيْهِمْ	: یدِ بیضاء، ید طولیٰ، رفع الیدین۔	الْمُنٰفِقِيْنَ	: منافق، نفاق، رئیس المنافقین۔
يَقُوْلُوْنَ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	مَاْوٰىهُمْ	: ملجاوماویٰ۔

يَوْمَ	لَا يُخْزِي اللّٰهُ ①②	النَّبِيَّ ②	وَ	الَّذِيْنَ
جس دن	اللہ نہیں رُسوا کرے گا	نبی (کو)	اور	(نہ اُن لوگوں کو) جو

اٰمَنُوْا	مَعَهٗ ج	نُوْرُهُمْ ③	يَسْعٰى ①	بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ ③④
سب ایمان لائے	اُسکے ساتھ	اُنکا نور	دوڑ رہا ہوگا	اُنکے ہاتھوں کے درمیان

وَ	بِاَيْمَانِهِمْ ⑤③	يَقُوْلُوْنَ	رَبَّنَآ ⑥	اَتْمِمْ
اور	اُن کے دائیں طرف	وہ سب کہیں گے	(اے) ہمارے رب	تو پورا کردے

لَنَا ⑦	نُوْرَنَا	وَ	اغْفِرْ	لَنَا ج ⑦	اِنَّكَ
ہمارے لیے	ہمارے نور کو	اور	تو بخش دے	ہم کو	بیشک تو

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ ⑧ (8)	يٰٓاَيُّهَا	النَّبِيُّ
ہر چیز پر	خوب قدرت رکھنے والا (ہے)	اے	نبی

جَاهِدِ	الْكُفَّارَ ②	وَ	الْمُنٰفِقِيْنَ	وَ
آپ جہاد کیجیے	کافروں	اور	منافقوں (سے)	اور

اغْلُظْ	عَلَيْهِمْ ط	وَ	مَاْوٰىهُمْ ③	جَهَنَّمُ ط
آپ سختی کیجیے	اُن پر	اور	اُن کا ٹھکانا	جہنم (ہے)

ضروری وضاحت

① یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ② فعل کے بعد پیش والا اسم اس فعل کا فاعل اور زبر والا اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ③ اسم کے آخر میں هُمْ کا ترجمہ ان کا یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ④ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ کا اصل ترجمہ انکے ہاتھوں کے درمیان ہے مُراد انکے آگے ہے۔ ⑤ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑥ یہ دراصل يَا رَبَّنَا تھا، شروع سے يَا تخفیف کے لیے گرا ہوا ہے۔ ⑦ لَنَا میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لَ ہوجاتا ہے۔ ⑧ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿9﴾	اور (وہ) بُرا ٹھکانا ہے۔ ﴿9﴾
ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا	اللہ نے مثال بیان کی ہے
لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا	(اُن لوگوں) کے لیے جنہوں نے کفر کیا
امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ	نوح علیہ السلام کی بیوی اور لوط علیہ السلام کی بیوی کی
كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ	وہ دونوں تھیں دو بندوں کے نیچے (یعنی نکاح میں)
مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ	ہمارے بندوں میں سے (اور) دونوں نیک تھے
فَخَانَتٰهُمَا	پس اُن دونوں نے (دینی) خیانت کی اُن دونوں کی
فَلَمْ يُغْنِيَا	تو وہ دونوں (نبی) کام نہ آئے
عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا	اُن دونوں کے اللہ سے (بچانے میں) کچھ بھی
وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ	اور کہا گیا تم دونوں داخل ہو جاؤ آگ میں
مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ﴿10﴾	داخل ہونے والوں کے ساتھ۔ ﴿10﴾
وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا	اور اللہ نے مثال بیان کی

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ	:	مال و دولت، عفو و درگزر، شان و شوکت۔	صَالِحَيْنِ	:	اصلاح، اعمال صالحہ، سلف صالحین۔
ضَرَبَ	:	ضرب المثل۔	فَخَانَتٰهُمَا	:	خیانت، خائن۔
مَثَلًا	:	مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔	يُغْنِيَا	:	غنی، مستغنی، اغنیاء۔
لِّلَّذِيْنَ	:	الحمد للہ، لہٰذا۔	شَيْئًا	:	شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔
كَفَرُوا	:	کفر، کافر، کفار، تکفیر۔	قِيْلَ	:	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
تَحْتَ	:	ماتحت، تحت الثریٰ، تحت العرش۔	ادْخُلَا	:	دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔
عَبْدَيْنِ	:	عبد، عابد، معبود، عبادت۔	النَّارَ	:	یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
مِنْ	:	منجانب، من و عن، من حیث القوم۔	مَعَ	:	مع اہل و عیال، معیت، مع دوست احباب۔

وَ	بِئْسَ	الْمَصِيْرُ (9)	ضَرَبَ ①	اللّٰهُ ②
اور	(وہ) بُرا	ٹھکانا (ہے)	بیان کی (ہے)	اللہ نے

مَثَلًا	لِّلَّذِيْنَ	كَفَرُوا	امْرَاَتَ نُوْحٍ
مثال	(اُن لوگوں) کے لیے جن	سب نے کفر کیا	نوح کی بیوی

وَّ	امْرَاَتَ لُوْطٍ	كَانَتَا ③	تَحْتَ
اور	لوط کی بیوی کی	وہ دونوں تھیں	نیچے (یعنی نکاح میں)

عَبْدَيْنِ ③	مِنْ عِبَادِنَا ④	صَالِحَيْنِ ③	فَخَانَتٰهُمَا ③
دو بندوں کے	ہمارے بندوں میں سے	دونوں نیک (تھے)	پس اُن دونوں نے خیانت کی اُن دونوں کی

فَلَمْ يُغْنِيَا ③⑤	عَنْهُمَا ③	مِنَ اللّٰهِ	شَيْئًا
تو وہ دونوں کام نہ آئے	اُن دونوں کے	اللہ سے (بچانے میں)	کچھ بھی

وَّ	قِيْلَ ⑥	ادْخُلَا ③	النَّارَ ②	مَعَ الدّٰخِلِيْنَ (10)
اور	کہا گیا	تم دونوں داخل ہو جاؤ	آگ (میں)	داخل ہونے والوں کے ساتھ

وَ	ضَرَبَ ①	اللّٰهُ ②	مَثَلًا
اور	بیان کی	اللہ نے	مثال

ضروری وضاحت

① ضَرَبَ کا لفظی ترجمہ اس نے مارا ہے، اگر اس کے بعد مَثَلًا ہو تو اس کا ترجمہ بیان کیا، اور اگر اس کے بعد فِیْ ہو تو معنی چلنا ہوتا ہے۔② فعل کے بعد پیش والا اسم اس فعل کا فاعل اور زبر والا اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔③ لفظ کے آخر میں علامت "ا" اور یْنِ اور هُمَا دو ہونے کو ظاہر کرتی ہیں۔④ اسم کے آخر میں نَا کا ترجمہ ہمارا یا اپنا کیا جاتا ہے۔⑤ علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔⑥ قِيْلَ دراصل قُوِلَ تھا، و کو گرامر کے اصول کے مطابق ی سے بدلا گیا ہے۔

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا	(اُن لوگوں) کے لیے جو ایمان لائے
امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ	فرعون کی بیوی کی، جب اس نے کہا
رَبِّ ابْنِ لِيْ	(اے میرے) رب! بنا میرے لیے
عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ	اپنے پاس ایک گھر جنت میں
وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ	اور نجات دے مجھے فرعون اور اس کے عمل سے
وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿11﴾	اور تو نجات دے مجھے ظالم لوگوں سے۔ ﴿11﴾
وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ	اور (مثال بیان فرمائی) مریم بنت عمران کی
الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا	جس نے حفاظت کی اپنی شرمگاہ کی
فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا	تو ہم نے پھونک دی اُس میں اپنی روح
وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا	اور اُس نے تصدیق کی اپنے رب کی باتوں کی
وَكُتُبِهٖ	اور اس کی کتابوں کی
وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ﴿12﴾	اور وہ تھی فرمانبرداروں میں سے۔ ﴿12﴾

وقف لازم

ع 2 5 20

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِلَّذِيْنَ	: الحمد للہ، لہٰذا۔	الْقَوْمِ	: قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
اٰمَنُوا	: امن وسلامتی، امن عامہ، ایمان۔	الظّٰلِمِيْنَ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
قَالَتْ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	ابْنَتَ	: بنت حوا، مدرسۃ البنات، بنات اسلام۔
ابْنِ	: بنایا، بنانا۔	فِيْهِ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔
عِنْدَكَ	: عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں، عندیہ۔	رُّوْحِنَا	: روح، ارواح، روحانیت۔
بَيْتًا	: بیت اللہ، بیت المقدس، اہلِ بیت۔	صَدَّقَتْ	: صداقت، صدق دل، صادق وامین۔
نَجِّنِيْ	: نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔	بِكَلِمٰتِ	: کلمہ، کلمات، ابتدائی کلمات۔
عَمَلِهٖ	: عمل، اعمال صالحہ، معمولات زندگی۔	مِنَ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔

وقف لازم

لِلَّذِيْنَ ①	اٰمَنُوا	امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ	اِذْ	قَالَتْ ②
(اُن لوگوں) کے لیے جو	سب ایمان لائے	فرعون کی بیوی کی	جب	اس نے کہا

رَبِّ ③	ابْنِ	لِيْ	عِنْدَكَ	بَيْتًا ④	فِي الْجَنَّةِ
(اے میرے) رب!	تو بنا	میرے لیے	اپنے پاس	ایک گھر	جنت میں

وَ	نَجِّنِيْ ⑤	مِنْ فِرْعَوْنَ	وَ	عَمَلِهٖ	وَ	نَجِّنِيْ ⑤
اور	مجھے نجات دے	فرعون سے	اور	اس کے عمل (سے)	اور	تو نجات دے مجھے

مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ⑥ ۙ ⑪	وَ	مَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ
ظالم لوگوں سے	اور	(مثال بیان فرمائی) مریم بنت عمران کی

الَّتِيْ ⑦	اَحْصَنَتْ ②	فَرْجَهَا	فَنَفَخْنَا	فِيْهِ
جس نے	حفاظت کی	اپنی شرمگاہ کی	تو ہم نے پھونک دی	اُس میں

مِنْ رُّوْحِنَا	وَ	صَدَّقَتْ ②	بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا
اپنی روح سے	اور	اُس نے تصدیق کی	اپنے رب کی باتوں کی

وَ	كُتُبِهٖ	وَ	كَانَتْ ②	مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ؑ ⑫
اور	اس کی کتابوں کی	اور	وہ تھی	فرمانبرداروں میں سے

ع 2 5 20

ضروری وضاحت

①اَلَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے، ترجمہ جو، جن، جنہوں نے وغیرہ کیا جاتا ہے۔② تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ یہ دراصل يَا رَبِّيْ تھا، شروع سے يَا اور آخر سے يْ تخفیف کیلئے گرے ہوئے ہیں۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ اگر فعل کے آخر میں يْ لگانی ہو تو اس يْ کے اور فعل کے درمیان نِ کا اضافہ کرتے ہیں۔⑥ قَوْم لفظاً واحد اور معناً جمع ہے، اسی لیے اس کے ساتھ جمع کا لفظ آیا ہے۔⑦ الَّتِيْ واحد مؤنث کی علامت ہے۔

تعارف ومقاصد "بیت القرآن"

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب ہدایت ہے اور اسے اللہ تعالیٰ نے بہت آسان بنایا ہے۔ جس کا اظہار خود اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی بار فرمایا ہے:

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ سورۃ القمر آیت 17

"اور یقیناً ہم نے اس قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان بنا دیا ہے، پھر کوئی نصیحت لینے والا ہے۔؟"

اب اسے ہر انسان تک پہنچانا اور اسکے متعلق اس تأثر کو دور کرنا کہ یہ بہت مشکل کتاب ہے تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے۔ اسی ذمہ داری کو پورا کرنے کیلئے "بیت القرآن" کی بنیاد رکھی گئی ہے اور اس کے مقاصد درج ذیل ہیں:

1 : قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان فہم بنانے کی کوشش کرنا۔

2 : قرآنی تعلیمات پر مبنی ایسی عام فہم کتب کی اشاعت کرنا جن سے قرآن فہمی میں مدد ملے۔

3 : قرآنی گرامر کو آسان تر بنانے کی کوشش کرنا۔

4 : قرآن مجید سے متعلقہ موضوعات پر مختلف سیمینارز منعقد کرانا۔

5 : قرآن فہمی کیلئے شارٹ کورسز کا انعقاد کرانا اور ان میں گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے قرآن مجید کا ترجمہ سکھانا۔

6 : قرآن فہمی کے لیے ٹیچر ٹریننگ کورسز منعقد کرانا۔

7 : انٹرنیٹ کے ذریعے فہم قرآن میں مدد دینا۔ (www.bait-ul-quran.org)

8 : عامۃ المسلمین کو احکام الٰہی کے مطابق اپنے نبیٔ محترم حضرت محمد ﷺ سے عقیدت ومحبت کے ساتھ آپ ﷺ کی مسنون زندگی کو اپنانے اور آپ ﷺ کی سیرت کو دنیا پر غالب کرنے کی کوشش کرنا۔

آپ بھی اس کارِ خیر میں شریک ہو سکتے ہیں اور جس کی بہترین صورت یہ ہے کہ آپ **"بیت القرآن"** کی مطبوعہ کتب خرید کر عوام الناس میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

الداعی الی الخیر: **"بیت القرآن"** لاہور، پاکستان